امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۲۴:

آٹھویں قسم: دس سے ننانوے کی تمیز

گیارہ اور بارہ کی گنتی مشہور قاعدہ کی بناپر ہوگی، یعنی مذکر تمیز کے لیے مذکر اور مونث تمیز کے لیے مونث

مذکر کی مثال: أحد عشر رجلا ٍ[گیارہ مرد] اور اثنا عشر رجلاً [بارہ مرد]

مؤنّث کی مثال: احدی عشرۃ امرأۃ ٍ[گیارہ عورتیں] اور اثنتا عشرۃ امرأۃً [بارہ عورتیں]

تیرہ سے انیس تک کی گنتی میں:

مذکر کے لئے جزءاول مونث ہوگا اور جزءدوم مذکر ہوگا: ثلاثة عشر الی تسعة عشر

اور مونث میں جزءاول مذکر اور جزءدوم مونث: ثلاث عشرة إلى تسع عشرة

بیس سے لے کر نوے تک کے گنتی:

مذکر اور مونث دونوں کے لئے: عشرون ، ثلاثون - - - تسعون

اکیس اور بائیس کے معدود میں مطابقت رہے گی۔:

مذکر: أحد و عشرون رجلا، و اثنان و عشرون رجلا

مونث: إحدى و عشرون امرأة، و اثنتان و عشرون امرأة

تیئیس سے ننانوے تک کی گنتی کو قاعدہ کے برخلاف کہا جائے گا، یعنی اگر معدود مذکر، عدد مونث اور اسکے برعکس۔

مذکّر: ثلاثة و عشرون رجلا إلى تسعة و تسعين رجلا

مؤنّث: ثلاث و عشرون امرأة إلى تسع و تسعين امرأة

ImamSadiq.tv